الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 13فروری،2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے این اے 154 لودھراں میں پرامن انتخاب کے انعقاد پر اظہار اطمیان کیا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان آرمی کا کردار قابل تحسین ہے جبکہ پنجاب پولیس اور باقی حکومتی اہل کاروں نے جان فشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیئے پریذائیڈنگ افسران اور تمام پولنگ عملے نے احسن طریقے سے اپنا کردار نبھایا ہے اور اس پورے عمل میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ افسر اور متعلقہ سٹاف نے انتہائی ایمانداری اور پیشہ وارنہ طریقے سے خدمات سرانجام دیئے۔

الیکشن کمیشن کی بنائی گئی مانیٹرنگ ٹیمز پورے الیکشن میں چوکنا رہیں اور میڈیا کا کردار ذمہ دارانہ اور قابل ستائش رہا۔آخر میں این اے154 لودھراں کے ووٹرز کی جمہوری عمل میں شرکت کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆